| | | | |
|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنْ | كَانَتْ | لَكُمُ |
| تو کہہ دے | اگر | ہے | تمہارے لیے |
| الدَّارُ الْاٰخِرَةُ | عِنْدَ اللّٰهِ | خَالِصَةً | مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ |
| اُخروی گھر | اللہ کے نزدیک | خالص طور پر | لوگوں کو چھوڑ کر |
| فَتَمَنَّوُا | الْمَوْتَ | اِنْ كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ |
| پس تم تمنا کرو | موت کی | اگر تم ہو | سچ بولنے والے |
| قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۵﴾ | | | |
| تُو کہہ دے کہ اگر اللہ کے نزدیک آخرت کا گھر سب لوگوں کو چھوڑ کر صرف تمہارے ہی لئے ہے تو موت کی تمنا کرو، اگر تم سچے ہو۔ | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | لَنْ يَّتَمَنَّوْهُ | اَبَدًا | بِمَا |
| اور | وہ ہر گز تمنا نہیں کریں گے اس بات کی | کبھی بھی | بسبب اس کے جو |
| قَدَّمَتْ | اَيْدِيْهِمْ | وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ |
| آگے بھیجا/آگے بھیج چکے ہیں | ان کے ہاتھ | اور اللہ | خوب جاننے والا |
| بِالظّٰلِمِيْنَ | | | |
| ظالموں کو | | | |
| وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۶﴾ | | | |
| اور وہ ہر گز کبھی بھی اس کی تمنا نہیں کریں گے بسبب اس کے جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ | | | |